کی سطح پر عربی زبان کی تعلیم کا حال اور طلبہ کی تعداد سب واضح ہے۔ مثلاً کراچی یونیورسٹی کراچی کے جائزے سے بی ایم اے کی سطح کا یہ حساب پیش کیا گیا ہے کہ دوسرے مضامین کی بہ نسبت عربی کے طلبہ ۱۹۷۰ء میں ۶ فی ہزار تھے۔ ۱۹۷۳ء میں ۳ فی ہزار اور ۱۹۸۴ء میں نسبت ایک فی ہزار سے بھی کم ہوگئی۔ یہ حال ہے اس ملک کا جو اسلام کو قائم کرنے کے لیے قائم کیا گیا تھا۔ حافظ صاحب نے کئی ماہ کی مشقت سے یہ اعداد و شمار جمع کیے ہیں۔

انتخابات اور جماعت اسلامی | از جناب سید محمد رضوی صاحب۔ ناشر: دار البحوث الاسلامی پوسٹ بکس نمبر ۲۰۲، کراچی۔ صفحات ۸۰ قیمت: ۵/- روپے

اس پمفلٹ میں گذشتہ ملکی انتخابات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ بدقسمتی سے سنجیدہ تحقیقی بحث کے بجائے مناظرانہ رنگ غالب ہو گیا ہے۔

عہد وفا اور وفائے عہد | از جناب خرم جاہ مراد۔ ناشر: حلقہ خواتین پاکستان۔ ملنے کا پتہ: ادارہ بتول، ۸ سلطان احمد روڈ، اچھرہ، لاہور ۱۶

قیمت: ۱۳۰ را روپیہ

خرم جاہ مراد ہمارے گراں قدر دانشور اور پر خلوص رفیق ہیں۔ ان کو قرآن سے بڑی محبت ہے۔ اور قرآن کا پیغام دوسروں تک مؤثر اسالیب میں پہنچانے کی خاص صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس پمفلٹ میں سورۂ فتح کی آیات ۸ تا ۱۰ کے مفہوم و مدعا کو بڑی خوبی سے انہوں نے واضح کیا ہے۔

دلشادیہ تفسیر القرآن العظیم | از جناب دلشاد کلانچوی۔ ناشر: سرائیکی لائبریری بہاولپور۔ بلا قیمت۔ اس رسالہ میں سورہ فاتحہ کا ترجمہ سرائیکی زبان میں دیا گیا ہے۔ بظاہر نقطہ نظر مناسب ہی معلوم ہوتا ہے، مگر سرائیکی تحریر کو پڑھنا اور سمجھنا ہمارے لیے تو مشکل ہے۔